# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 15 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست کے 29 میونسپل کارپوریشن انتخابات کے لیے رائے دہی کا آغاز۔ پہلی بار توسیع شدہ وارڈز کے لیے ووٹنگ۔

☆ مراٹھواڑہ کی پانچ میونسپل کارپوریشنوں کی 396 نشستوں کے لیے ہمہ رخی مقابلہ۔

☆ نیتی آیوگ کے برآمداتی صلاحیت سے متعلق اشاریہ میں مہاراشٹر سرفہرست۔

☆ مکر سنکرانت کا تہوار ملک بھر میں روایتی جوش وخروش سے منایا گیا۔

اور۔۔۔☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے توسیع نام دن پر مختلف پروگراموں کا انعقاد

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

ریاست کے 29 میونسپل کارپوریشنوں کے انتخابات کے لیے رائے دہی کا اب سے کچھ دیر قبل آغاز ہوا۔ تمام میونسپل کارپوریشنوں کے 893 توسیع شدہ وارڈز کے 869 کارپوریٹرز کی نشستوں کے لیے 15 ہزار 931 خواہشمند امیدوار میدان میں ہیں۔ ان تمام امیدواروں کے مستقبل کا فیصلہ تقریباً تین کروڑ 48 لاکھ سے زائد رائے دہندگان آج کریں گے۔

مراٹھواڑہ میں جن پانچ شہروں کی میونسپل کارپوریشنز کے لیے انتخابات ہورہے ہیں ان میں چھترپتی سمبھا جی نگر میں 115 نشستوں کے لیے 859 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ جالنہ میں 65 نشستوں کے لیے 449 امیدوار۔ پربھنی میں 65 نشستوں کے لیے 401۔ لاتور میں 70 نشستوں کے لیے 356 اور ناندیڑ میونسپل کارپوریشن کی 81 نشستوں کے لیے 491 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔

اس رائے دہی کے لیے چھترپتی سمبھا جی نگر میں ایک ہزار 267 انتخابی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ جبکہ جالنہ میں 291، پربھنی میں 341، لاتور میں 375 اور ناندیڑ میں 600 رائے دہی مراکز بنائے گئے ہیں۔ میونسپل کارپوریشن کے لیے پہلی بار توسیع شدہ وارڈز یا پربھاگ کے لیے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

پربھاگ کے اس نظام کے تحت ہر ووٹر کو پربھاگ میں موجود تین، چار یا پانچ نشستوں کے لیے اتنے ہی ووٹ ڈالنے ہونگے۔ وارڈز کے ہر انتخابی حلقے کے لیے الیکٹرونک ووٹنگ مشین پر مختلف رنگوں کے بیلٹ پیپر چسپاں ہونگے۔ جن میں تمام امیدواروں کے ناموں کے ساتھ ساتھ ان میں سے کوئی بھی نہیں یعنی نوٹا کا متبادل بھی موجود ہوگا۔ رائے دہندگان کو تمام موجود مشینوں پر اپنے پسند کے ایک امیدوار کا بٹن دبانا ہوگا۔ اور سب سے آخر ووٹنگ مشین پر بٹن دبانے کے بعد ایک بیپ سنائی دے گی جو اس بات کی علامت ہوگی کہ آپ کے تمام ووٹ رجسٹر ہو چکے ہیں۔ چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کی تیار کردہ ''سی ایس ایم سی ووٹ کر ڈاٹ کام'' ویب سائٹ پر رائے دہندگان ووٹنگ کے طریقۂ کار کا تجربہ کر سکتے ہیں۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے میونسپل کمشنر و منتظم جی۔ شری کانت نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنا حق رائے دہی استعمال کریں۔

***** ***** *****

شہریوں کو اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے میں سہولت کے لیے میونسپل کارپوریشن کی حدود میں تمام دفاتر کے لیے تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔تمام رائے دہی مراکز کے اطراف سخت پولیس بندوبست کیا گیا ہے۔رائے دہی کا عمل مکمل ہونے تک مرکز کے 200 میٹر کے احاطے میں کسی بھی قسم کا شامیانہ، دوکان یا عارضی ڈھانچہ کھڑا کرنے کی ممانعت ہوگی۔اس کے علاوہ اس احاطے میں لاوڈ اسپیکر یا کسی بھی قسم کے الیکٹرانک صوتی آلات کے استعمال پر پابندی ہوگی۔کوئی بھی خانگی گاڑی جو انتخابی عمل کا حصہ نہ ہو اسے انتخابی مرکز تک لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔کسی بھی سیاسی جماعت کا نشان، پرچم، بینر یا تشہیری مواد کی نمائش پر بھی پابندی ہوگی۔نیز انتخابی عمل سے راست طور پر جڑے نہ ہونے والے کسی بھی شخص کو رائے دہی مرکز میں داخلہ نہیں دیا جائے گا۔رائے دہی کے دوران ووٹروں کی سہولت کے لیے انتخابی مراکز پر ایمبولنس سمیت میڈیکل ٹیم بھی تعینات کی گئی ہے۔

***** ***** *****

سیاسی جماعتوں کو ضلع پریشد انتخابات کے لیے عارضی انتخابی نشان محفوظ کرنے سے متعلق درخواست داخل کرنے کی مدت آج ختم ہو رہی ہے۔اس سلسلے میں جاری خبروں میں بتایا گیا ہے کہ انتخابی کمشن کے پاس رجسٹرڈ اور خصوصی شرائط پوری کرنے والے رجسٹریشن لیکن غیر مسلمہ پارٹیوں کے لیے یہ سہولت موجود ہوگی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کے انتخابی عمل سے متعلق کل ضلع کلکٹر دلیپ سوامی ہنگامی جائزہ لیا۔اس موقع پر انہیں انتظامی تیاریوں، امتناعی کاروائیوں، امن و انتظام کی صورت حال سے متعلق آگاہ کیا گیا۔

***** ***** *****

نیتی آیوگ کے جاری کردہ برآمداتی استعداد اشارے میں مہاراشٹر کو سرفہرست قرار دیا گیا ہے۔نیتی آیوگ نے برآمدات کی صلاحیت اور تیاری سے متعلق اپنی چوتھی ایکسپورٹ ریڈی نیس رپورٹ جاری کی۔ریاستوں کی برآمداتی پالیسی، کاروباری سہولیات، بنیادی ڈھانچے کی موجودگی اور برآمدات جیسے عوامل کی بنیاد پر یہ اشاریہ طئے کیا جاتا ہے۔نیتی آیوگ کے چیف ایگزیکٹیو افسر بی۔وی۔آر سبرامنیم نے کہا ہے کہ ریاست اور اضلاع کی تیاریوں کے باعث ملک کی برآمدات میں بڑی پیش رفت ہو رہی ہے۔اس رپورٹ کے مطابق مہاراشٹر کے بعد تمل ناڈو، گجرات، اترپردیش، آندھرا پردیش، کرناٹک اور پنجاب کا نمبر آتا ہے۔چھوٹی ریاستوں کے زمرے میں اترا کھنڈ برآمداتی تیاری میں پہلے نمبر پر ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

چھتیس گڑھ کے سکما ضلع میں 29 نکسلائیٹس نے کل خودسپردگی کردی۔ان میں ایک عسکریت پسند پر دو لاکھ روپئے کا انعام بھی تھا۔ریاست کی بازآبادکاری پالیسی کے مطابق ہتھیار ڈالنے والے ان افراد کو فی کس 50 ہزار روپیئے اور دیگر سہولیات دی جائے گی۔پولس سپرنٹنڈنٹ کرن چوہان نے بتایا کہ خودسپردگی کرنے والے ان عسکریت پسندوں کا تعلق دربھاڈویژن سے ہے اور مختلف پرتشدد کاروائیوں میں یہ ملوث رہے ہیں۔

***** ***** *****

مکرسکرانت کا تہوار کل ملک بھر میں منایا گیا۔خواتین نے روایتی طرز پر ایک دوسرے کو تل گُڑ پیش کر کے منایا۔ملک بھر میں مختلف شکلوں میں یہ تہوار منایا جاتا ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دہلی میں مرکزی وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات ایل مورگن کی رہائش گاہ پر پونگل کی تقریبات میں شرکت کی۔زرعی ثقافت سے جڑے اس تہوار کے موقع پر کسانوں سے اظہار تشکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا۔

Byte: Prime Minister Narendra Modi

***** ***** *****

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا 32واں یوسیع نام دن منایا گیا۔اس سلسلے میں چھترپتی سمبھاجی نگر سمیت یونیورسٹی سے منسلک کالجوں میں مختلف پروگرام منعقد کئے گئے۔یونیورسٹی میں ''توسیع نام کی حقیقت'' کے موضوع پر معروف شاعر پھا۔مو۔شندے نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا نام ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے نام پر رکھنا محض ایک انتظامی فیصلہ نہیں بلکہ دلت۔بہوجن برادری کی عزت نفس اور فکری حقوق کی جدوجہد ہے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری نے خیال ظاہر کیا کہ یہاں کے اساتذہ۔طلباء اور عملے سے بابا صاحب کے نام کے شایان شان کام کی توقع ہے۔

***** ***** *****

توسیع نام دن کے حوالے سے کل بھیم گیت سمیت مختلف مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر منعقدہ مقابلوں کے انعامات بھی تقسیم کئے گئے۔اس کے ساتھ ساتھ سالانہ امتحانات میں 11 ہونہار طلباء کو طلائی تمغے بھی دیئے گئے۔

یونیورسٹی کے داخلی دروازے پر مختلف سماجی تنظیموں نے باباصاحب کو خراج عقیدت پیش کیا۔بدھ مہاسبھا کی جانب سے ملند کالج سے یونیورسٹی کے داخلی دروازے تک ایک شاندار ریلی نکالی گئی۔اس کے علاوہ دیگر تنظیموں نے بھی مختلف سرگرمیاں انجام دیں۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین رواں سیریز کے دوسرے یک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو سات وکٹوں سے شکست دے دی۔پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم نے مقررہ اوورز میں سات وکٹوں پر 284 رنز بنائے۔کے۔ایل۔راہل نے 92 اور شبھ من گل نے 56 رنز اسکور کئے۔جواب میں نیوزی لینڈ نے ڈیرل مچل کے غیر مفتوح 131 رنوں کی بدولت مطلوبہ ہدف بہ آسانی حاصل کرلیا۔سیریز میں اب دونوں ٹیمیں ایک ایک میچ جیت کر برابری پر ہیں۔سیریز کا آخری اور فیصلہ کن میچ 18 جنوری کو اندور میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

- ☆ ریاست کے 29 میونسپل کارپوریشن انتخابات کے لیے رائے دہی کا آغاز۔پہلی بار توسیع شدہ وارڈز کے لیے ووٹنگ۔
- ☆ مراٹھواڑہ کی پانچ میونسپل کارپوریشنوں کی 396 نشستوں کے لیے ہمہ رخی مقابلہ۔
- ☆ نیتی آیوگ کے برآمداتی صلاحیت سے متعلق اشاریہ میں مہاراشٹر سرفہرست۔
- ☆ مکرسنکرانت کا تہوار ملک بھر میں روایتی جوش وخروش سے منایا گیا۔
- اور۔۔۔☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے توسیع نام دن پر مختلف پروگراموں کا انعقاد

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**